FIRST YEAR HIGHER SECONDARY

SAMPLE QUESTION PAPER

PART-II

URDU

Time:21/2 Hours

Maximum : 80 Scores   Cool-off Time : 15 Minutes

General Instructions to Candidates :

- There is a 'Cool-off Time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool-off Time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read questions carefully before answering.
- Read the instructions carefully.

1 سے 8 تک کے سوالوں میں سے کسی 7 کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھئے۔ **(7x1 Score=7)**

1. اردو شاعری میں عوامی شاعر کے نام سے کون مشہور ہے ؟

2. نظم "آدمی نامہ" کے لئے کوئی دوسرا مناسب عنوان تجویز کیجئے۔

3. آپ کا پسندیدہ کسی ایک اردو ڈراما نگار کا نام لکھئے۔

4. رباعی کا دوسرا نام کیا ہے

5. گیان پیٹھ ایوارڑ یافتہ کسی ایک اردو شاعر کا نام لکھئے۔

6. فلم "مغلِ اعظم" کے کسی ایک کردار کا نام لکھئے۔

7. غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

8. پسندیدہ کسی ایک قومی رہنما کا نام لکھئے۔

9 سے 13 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم سے کم دو جملوں میں لکھئے۔ **(4x2 Score=8)**

9. ذیل میں دئے گئے الفاظ سے جمع چن کر لکھئے۔

(دروازے،   لڑکا،   مٹھائیاں،   استاد)

10. مطلع اور مقطع میں کیا فرق ہے؟ لکھئے

11. سبق "مجھے کچھ کہنا ہے میں "عبدالکلام کہتا ہے کہ "ہندوستان کے لئے میرے پاس تین نظریے ہیں" ان میں سے کسی دو نظریے لکھئے۔

12. پسندیدہ کسی ایک ہندوستانی فلمی گیت کے دو مصرعے لکھئے۔

13. اصنافِ شاعری میں رباعی کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ رباعی کی کوئی دو خصوصیات لکھئے۔

14 سے 19 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم سے کم چار جملوں میں لکھئے۔ **(5x4 Score=20)**

14. امتحان میں کامیابی ملنے پر مبارکباد دیتے ہوئے اپنے دوست کے نام ایک خط لکھئے۔

15. گاندھی جینتی کے دن آپ کے اسکول میں مختلف پروگرام منعقد کئے گئے ہیں۔ اخبار میں شائع کرنے کے لئے اس کی ایک رپورٹ تیار کیجئے۔

16. نیچے دئے گئے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھئے۔

دل دھڑکنے کا سبب یاد آیا
وہ تیری یاد تھی اب یاد آیا

17. پسندیدہ کسی ایک اردو شاعر کے بارے میں مختصر نوٹ لکھئے۔

18. بدلتے ہوئے موسموں کی یہ دنیا
کبھی گرم ہوگی
کبھی سرد ہوگی

آپ کے پسندیدہ موسم پر اپنے خیالات لکھئے۔

19. بابائے قوم گاندھی جی کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ گاندھی جی کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

20 سے 24 تک سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم سے کم چھ جملوں میں لکھئے۔ **(4x6 Score =24)**

20. غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔ غزل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔ ایک نوٹ تیار کیجئے

21. اے۔ پی۔ جے عبدالکلام نے "تل اویو" کے تجربات بیان کرتے ہوئے ایک ملک کی ترقی کے سلسلے میں کاشت کاری کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ ایک ملک کی ترقی میں کسان اور کاشت کاری کی اہمیت پر نوٹ لکھئے۔

22. آپ کی زندگی میں بہت سارے ایسے واقعات ہوئے ہوں گے، جو آپ کبھی بھول نہیں سکتے۔ایسا کوئی ایک وقعہ لکھئے۔

23. تاج محل دنیا کے سات عجائبات میں سے ایک ہیں۔تاج محل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ایک نوٹ تیار کیجئے۔

24. سابقِ صدرِ جمہوریہ ہند اے۔پی۔جے عبدالکلام کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟لکھئے۔

25 سے 28 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم سے کم سات جملوں میں لکھئے۔ **(3x7 Score =21)**

25. ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بشن سنگھ کا کردار تقسیمِ ہند کے شہیدوں کی ایک زندہ تصویر ہے۔بشن سنگھ کے کردار کی خصوصیت بیان کرتے ہوئے ایک نوٹ تیار کیجئے۔

26. مولانا ابول کلام آزاد ایک مشہور و معروف مجاہدِ آزادی تھے۔ان کے بارے میں آپ اور کیا کیا جانتے ہیں ؟ایک تفصیلی نوٹ لکھئے۔

27. ہندوستانی فلم پر اردو کا گہرا اثر ہے۔اردو زبان کے بارے میں آپ اور کیا کیا جنتے ہیں۔لکھئے۔

28. نظم تاج محل کے ذریعے شاعر کیا کہنا چاہتا ہے ؟آپ کے خیالات لکھئے۔

****

Prepared by:

HAMZA M
HSST JR URDU
GOVT.HSS KADUNGAPURAM
MALAPPURAM

MUHAMMED RAFEEQUE P C
HSST JR HG URDU
GHSS KUZHIMANNA
MALAPPURAM

RAJEENATH P
HSST JR.URDU
GGHSS MANJERI
MALAPPURAM

VINOJ T
HSST JR URDU
GHSS KOTTAPPURAM
MALAPPURAM

C ABDURRAHMAN
HSST JR HG URDU
GVHSS KONDOTTY
MALAPPURAM

ABDUL AZEEZ P
HSST JR URDU
GVHSS MAKKARAPARAMBA
MALAPPURAM

USMAN T
HSST JR URDU
GHSS POKKOTTUR
MALAPPURAM

BASHEER K
HSST JR URDU
HIHSS EDAVANKARA
ERANAKULAM